**24-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آفتاب احمد

---

**Music**

---

1۔ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کی چناؤ مہم آج شام ختم ہوگئی۔ حکمراں اور اپوزیشن اتحاد کے سرکردہ رہنماؤں نے رائے دہندگان کی حمایت حاصل کرنے کی خاطر آخری لمحات میں بھرپور کوشش کی۔

2۔ 13 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں جمعہ کو 88 سیٹوں کے لیے پولنگ ہوگی۔

3۔ سپریم کورٹ نے اُن درخواستوں پر اپنا فیصلہ محفوظ رکھا ہے جن میں الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے ذریعے ڈالے گئے ووٹوں کا سو فیصد میلان VVPAT پرچیوں کے ساتھ کرنے کی اپیل کی گئی تھی۔

4۔ بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے پانچ دن کے دوران مشرقی اور جنوبی جزیرہ نما بھارت میں شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔

5۔ چین کے شہر شنگھائی میں جاری تیراندازی ورلڈ کپ میں، بھارت کی مردوں اور خواتین کی کمپاؤنڈ ٹیمیں فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

6۔ اور IPL کرکٹ میں، دہلی کیپیٹلس اور گجرات ٹائٹنس کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

## Over All Campaign

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کی چناؤ مہم آج شام ختم ہو گئی۔ 13 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں جمعہ کو 88 سیٹوں کے لیے پولنگ ہوگی۔ Outer منی پور لوک سبھا حلقے کے بقیہ علاقوں میں بھی جمعہ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مدھیہ پردیش کے Betul (ST) پارلیمانی حلقے میں پولنگ دوسرے مرحلے میں ہونا تھی لیکن بہوجن سماج پارٹی کے امیدوار کے انتقال کی وجہ سے اب تیسرے مرحلے میں ہوگی۔

انتخابات کے اِس مرحلے میں 13 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں سے مجموعی طور پر ایک ہزار 198 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ Outer منی پور لوک سبھا حلقے میں چار امیدوار چناؤ لڑ رہے ہیں۔

حکمراں اور اپوزیشن اتحاد کے سرکردہ رہنماؤں نے رائے دہندگان کی حمایت حاصل کرنے کی خاطر آخری لمحات میں بھرپور کوشش کی۔ اِن رہنماؤں نے ایک کے بعد ایک ریلیاں کیں اور روڈ شو کیے۔

وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے آج چھتیس گڑھ کے امبیکا پور شہر اور مدھیہ پردیش میں ساگر ضلع میں جلسۂ عام سے خطاب کیا۔

BJP کے ایک اور سرکردہ رہنما امت شاہ نے آج کیرالہ میں Alappuzha میں چناؤ جلسے سے خطاب کیا۔

اِدھر BJP کے صدر جے پی نڈا نے بہار میں بھاگلپور میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔

RJD، کانگریس، وکاس شیل انسان پارٹی اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے عظیم اتحاد کے رہنماؤں نے بھی اپنے اپنے امیدواروں کی حمایت میں چناؤ مہم میں شرکت کی۔

کانگریس کے سرکردہ راہل گاندھی نے آج مہاراشٹر کے امراوتی لوک سبھا حلقے میں ایک انتخابی ریلی میں شرکت کی۔ کانگریس صدر ملیکارجن کھڑگے نے قومی راجدھانی میں پارٹی کے زیر اہتمام سماجی انصاف Conclave میں اظہار خیال کیا۔

اترپردیش میں سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھیلیش یادو مین پوری اور اٹاوہ ضلع میں انتخابی مہم میں شامل ہوئے۔

آسام میں وزیرِاعلیٰ اور BJP کے سرکردہ لیڈر ہیمنت بسوا شرما نے پارٹی امیدواروں کی حمایت میں Dalgaon کے مقام پر ایک ریلی کی۔

ریاستی کانگریس کے صدر Bhupen Kumar Borah نے Nagaon حلقے میں ایک جلسے سے خطاب کیا۔

AIUDF کے صدر بدرالدین اجمل اور بوڈو لینڈ پیوپلز پارٹی کے سربراہ Hagrama Mahilary نے بھی

انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔×

## Karnataka Second Phase

کرناٹک کے اعلیٰ انتخابی افسر منوج کمار مینا نے کہا ہے کہ 26 اپریل کو 14 پارلیمانی حلقوں میں ہونے والے انتخابات کو آزادانہ اور شفاف بنانے کو یقینی بنایا جائے گا۔ آج بینگلورو میں اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے انھوں نے بتایا کہ 30 ہزار 602 پولنگ بوتھ میں سے 19 ہزار 701 میں ویب کاسٹنگ کی جائے گی جبکہ ایک ہزار 370 بوتھ CCTV کی نگرانی میں ہوں گے۔ بینگلور دیہی حلقے میں تمام دو ہزار 829 بوتھ پر ویب کاسٹنگ کی جائے گی۔ ریاست کے 50 ہزار پولیس اہلکاروں کے علاوہ نیم فوجی دستوں کی 7 کمپنیاں اورمرکزی فورسز کے65 کمپنیاں الیکشن کے دن سکیورٹی فراہم کریں گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC- Sudhindra

ووٹروں کی تعداد کو بڑھانے کی غرض سے ووٹنگ کے عمل کو آسان بنانے کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں۔ اعلیٰ انتخابی افسر منوج کمار مینا نے بتایا ہے کہ پہلی مرتبہ ووٹروں کو ووٹر سلپ اُن کے گھر پر دیا جا رہا ہے، جس میں QR کوڈ اور گوگل میپ موجود ہے، جس سے لوگ اپنے موبائل سے اسکین کرکے پولنگ بوتھ کا پتہ لگا سکتے ہیں۔ پولنگ اسٹیشنوں پر ووٹروں کو اطلاعات فراہم کی جائیں گی اور سائن بورڈ بھی لگے ہوں گے۔ شہری علاقوں کے لوگ، چناؤ موبائل ایپ کا استعمال کرکے اپنے اپنے پولنگ بوتھ کی قطار اور پارکنگ کی دستیابی کی تازہ جانکاری حاصل کرسکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ 33 شہری اسمبلی حلقوں میں ووٹروں کی تعداد ریاستی تناسب سے نیچے رہی تھی اور اِس بات کی کوششیں کی جا رہی ہیں کہ اُن رائے دہندگان کو اِس بار ووٹنگ کیلئے راغب کیا جاسکے۔

سخت گرمی اور دھوپ کی تپش سے بچنے کے انتظامات کیے گئے ہیں اور آشا ورکروں کو میڈیکل Kits کے ساتھ تعینات کیا جا رہا ہے نیز سخت گرمی کی صورتحال میں پیدا ہونے والی ایمرجنسی کے حالات سے نمٹنے کیلئے مختلف جگہوں پر ایمبولینس تعینات کیے جا رہے ہیں۔

بینگلورو سے سدھندر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب۔

## Agra Constituency Sheduled

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے میں اتر پردیش کی دس سیٹوں کے لیے نامزدگی کا عمل پہلے ہی مکمل ہو چکا ہے۔ اِس میں آگرہ کی اہمیت کی حامل سیٹ بھی شامل ہے۔ BJP نے اِس سیٹ پر ممبر پارلیمنٹ SP Singh

Baghel کو پھر سے چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ بہوجن سماج پارٹی نے، پوجا امروہی کو اپنا امیدوار بنایا ہے جو کانگریس لیڈر Satya Behan کی بیٹی ہیں۔ سماجوادی پارٹی نے آگرہ سیٹ سے سریش چند Kardam کو ٹکٹ دیا ہے۔ اِس کے علاوہ آٹھ دیگر امیدوار بھی انتخابی میدان میں ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Om Awasthi

آگرہ لوک سبھا سیٹ میں پانچ اسمبلی حلقے ہیں۔ اس سیٹ کیلئے ووٹروں کی کُل تعداد 17 لاکھ 57 ہزار 46 ہے۔ اس میں 9 لاکھ 85 ہزار 105 مرد رائے دہندگان ہیں۔ 8 لاکھ 8 ہزار 37 خواتین ووٹرز اور 98 مخنث ووٹرز شامل ہیں۔ اس میں 18 سے 19 سال کے 21 ہزار 343 ووٹرز بھی شامل ہیں۔ آگرہ لوک سبھا سیٹ پر کانگریس کی مضبوط پکڑ تھی۔ 1952 سے 1971 تک کانگریس پارٹی یہاں سے جیت حاصل کرتی رہی تھی۔ ایمرجنسی کے بعد جب ملک میں کانگریس مخالف لہر پیدا ہوئی تو چودھری چرن سنگھ کی پارٹی بھارتیہ لوک دَل یہاں سے فتح یاب ہوئی۔ اس کے بعد حالات بدلے اور ایک بار پھر یہاں سے 1980 اور 1984 میں کانگریس نے جیت حاصل کی۔

1989 میں جنتا دل اِس سیٹ پر قابض ہوا۔ اس کے بعد 1991 ، 1996 اور 1998 میں ہوئے لوک سبھا انتخابات میں BJP کے بھگوان شنکر راوت لگاتار تینوں بار رکن پارلیمنٹ منتخب ہوئے۔

1999 اور 2004 میں فلم ادا کار راج ببر سماجوادی پارٹی سے رکن پارلیمنٹ رہے۔ 2009 اور 2014 میں BJP نے ایک بار پھر اس سیٹ پر کامیاب ہوئی اور رام شنکر Katharia رکن پارلیمنٹ منتخب ہوئے۔ 2019 میں BJP کے پروفیسر ایس پی سنگھ بگھیل ممبر پارلیمنٹ رہے۔ BJP نے ایس پی سنگھ بگھیل کو ایک بار پھر امیدوار بنایا ہے۔ تمام پارٹیاں اپنے اپنے امیدواروں کیلئے زور و شور سے انتخابی مہم کر رہی ہیں۔

اترپردیش سے اوم وستھی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں .........................

## Election Special Story

پولنگ کے دن رائے دہندگان کو کبھی کبھی کچھ مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان میں سے ایک معاملہ یہ ہے کہ پولنگ بوتھ پر جانے کے بعد ووٹر کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کا ووٹ پہلے ہی کسی نے ڈال دیا ہے۔ اگرچہ ایسا بہت کم ہوتا ہے، پھر بھی لوگوں کو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ اس طرح کے حالات میں کیا کیا جائے اور ٹینڈر ووٹ کیا ہوتا ہے؟

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V/C - Durgesh Bhadauria

1961 کے چناؤ ضابطوں کی دفعہ 49-P کے مطابق ایسی صورت میں متعلقہ ووٹر پولنگ بوتھ پر پریزائڈنگ افسر سے رجوع کر کے یہ معاملہ اٹھا سکتا ہے۔ اِس طرح کے ووٹر کو اپنی شناخت کے بارے میں پریزائڈنگ افسر کے سوالوں کا اطمینان بخش طریقے سے جواب دینے کے بعد ہی ووٹ ڈالنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ اس طرح کی صورتحال میں متعلقہ ووٹر کو ووٹنگ مشین کے بجائے ٹینڈرڈ بیلیٹ پیپر کے ذریعے ووٹ دینے کی اجازت ہوتی ہے اور اسے ٹینڈر ووٹ کہا جاتا ہے۔ اِس طرح کے ٹینڈر ووٹ اُس وقت مفید ثابت ہوتے ہیں جب جیتنے والے امیدوار اور دوسرے مقام پر آنے والے امیدوار کے درمیان ووٹوں کا فرق بہت کم ہوتا ہے۔ البتہ، اگر یہ فرق بہت زیادہ ہے تو ٹینڈر ووٹوں کی گنتی نہیں کی جاتی۔

دلی سے درگیش بھدوریا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ..................

## Arunachal Pradesh Polling

اروناچل پردیش میں، آج اروناچل ویسٹ پارلیمانی حلقے کے آٹھ پولنگ مرکزوں پر دوبارہ پولنگ ہوئی جو پرامن رہی۔ اُناسی اعشاریہ آٹھ فیصد رائے دہندگان نے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

انتخابی کمیشن نے، پارلیمانی اور اسمبلی چناؤ کے لیے اِن پولنگ مرکزوں پر اِس مہینے کی 19 تاریخ کی پولنگ کو رد کر دیا تھا۔ ×

## Supreme Court - EVM VVPAT

سپریم کورٹ نے اُن درخواستوں پر اپنا فیصلہ محفوظ رکھا ہے جن میں الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے ذریعے ڈالے گئے ووٹوں کا سو فیصد میلان صحیح ووٹ پڑنے کی تصدیق سے متعلق VVPAT پرچیوں کے ساتھ کرنے کی اپیل کی گئی تھی۔

جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس دیپانکر دتّہ پر مشتمل ایک بنچ نے الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے کام کرنے کے طریقے کے بارے میں انتخابی کمیشن کے سامنے کچھ سوال رکھے۔

چناؤ کمیشن نے یقین دلایا کہ کسی بھی مرحلے پر الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرنا ممکن نہیں ہے۔ کمیشن نے یہ وضاحت بھی کی ہے کہ مائیکرو کنٹرولرز تک ہاتھ کے ذریعے رسائی حاصل نہیں کی جاسکتی اور اِن میں یک وقتی پروگرام نصب ہے۔

انتخابی کمیشن نے یہ بھی کہا ہے کہ اب تک کسی بھی مشین کے تصدیق کرنے کے 41 ہزار 629 واقعات ہوئے ہیں اور چار کروڑ سے زیادہ VVPAT پرچیوں کا میلان کیا گیا ہے۔

انتخابی کمیشن میں اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے عدالت عالیہ کی بنچ نے یہ وضاحت کی کہ وہ موجودہ پولنگ نظام کو مستحکم بنانے کے لیے درکار ممکنہ اصلاحات کا جائزہ لے گی۔ سپریم کورٹ نے البتہ Paper Ballot کا طریقہ پھر سے اختیار کرنے کے نظریے سے اتفاق نہیں کیا۔

اُدھر انتخابی کمیشن نے زور دے کر یہ بھی کہا کہ VVPAT پرچیوں کی پوری گنتی قابل عمل نہیں ہے۔×

## Panchayati Raj Day National Colloquium

پنچایتی راج محکمے کی وزارت نے آج قومی پنچایتی راج دن کے موقعے پر نئی دلی میں سب سے نچلی سطح پر سرکار سے متعلق قومی مذاکرے کا اہتمام کیا۔ افتتاحی اجلاس کے دوران اظہارِ خیال کرتے ہوئے پنچایتی راج محکمے کے سکریٹری وویک بھاردواج نے کہا کہ پنچایت انتخابات کا باقاعدگی سے انعقاد 73ویں ترمیم کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔

انہوں نے، عوامی نمائندوں کے لیے کم سے کم قابلیت طے کیے جانے کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا۔ ×

## IMD Heat Wave

بھارتی محکمۂ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے پانچ دنوں کے دوران مشرقی اور جنوبی جزیرہ نما بھارت میں سخت گرمی کی صورتحال جاری رہے گی۔ ساحلی اوڈیشہ، مغربی بنگال کے ترائے والے علاقے، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکّم اور اندرونی کرناٹک میں سخت گرمی رہنے کی توقع ہے۔ بہار، جھارکھنڈ، ساحلی آندھرا پردیش، تلنگانہ اور مشرقی اترپردیش میں بھی سخت گرمی کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ وسطی اور مشرقی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں دو سے تین ڈگری تک کا اضافہ ہوگا۔ دوسری طرف موسمیات کے محکمے نے شمال مغربی بھارت میں 26 سے 28 اپریل کے درمیان بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں ہلکی سے اوسط درجے کی بارش کی توقع ہے۔

ہفتے اور اتوار کو شمال مشرقی بھارت میں بھی گرج چمک اور دھول بھری آندھی کے ساتھ تیز بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ ×

## Mizoram Afrrican Swine Fever Strikes

میزورم میں افریقی سوائن بخار کے تناظر میں سخت چوکسی برتی جا رہی ہے۔ ریاست میں اِس بیماری کی وجہ سے 174 خنزیروں کی موت ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ تین ضلعوں آئیزال، Champhai اور Saitual میں افریقی سوائن بیماری پھیلنے کی تصدیق ہوچکی ہے۔ مویشی پروری اور مویشیوں کے علاج معالجے سے متعلق محکمے نے مختلف گاوؤں اور علاقوں کو اِس بیماری سے متاثرہ قرار دیا ہے۔ محکمے نے سخت اقدامات نافذ کیے ہیں، جن میں متاثرہ علاقوں سے خنزیر کی برآمد یا درآمد پر پابندی بھی شامل ہیں۔×

## India Japan Consultants

ترکِ اسلحہ، ایٹمی ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ اور برآمد پر کنٹرول سے متعلق 10ویں دور کے بھارت-جاپان مذاکرات آج ٹوکیو میں ہوئے۔ طرفین نے ترکِ اسلحہ اور ایٹمی، کیمیاوی اور جراثیمی شعبے سے متعلق ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ، باہری خلاء کی سکیورٹی، روایتی ہتھیاروں اور برآمد پر کنٹرول کے تعلق سے حالات و واقعات پر تبادلۂ خیال کیا۔

بھارتی وفد کی قیادت وزارت خارجہ میں ترکِ اسلحہ اور بین الاقوامی سلامتی امور شعبے کے جوائنٹ سکریٹری Muanpuii Saiawi نے کی۔ جبکہ جاپان کے وفد کی سربراہی وہاں کی وزارت خارجہ میں ترکِ اسلحہ، ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ اور سائنس محکمے کے ڈائریکٹر جنرل Katsuro Kitagawa کر رہے تھے۔×

## Shanghai Archery World Cup

شنگھائی تیر اندازی عالمی کپ مرحلہ-ایک میں بھارت کی مردوں اور خواتین کی کمپاؤنڈ ٹیمیں، آج فائنل میں پہنچ گئیں۔ ابھیشک ورما، پریانش اور Prathmesh Fuge پر مشتمل مردوں کی بھارتی ٹیم نے سیمی فائنل میں جنوبی کوریا کو 233 کے مقابلے 235 سے شکست دی۔ جیوتی سریکھا Vennam، ادیتی گوپی چند اور پرینت کور کی خواتین ٹیم نے Estonia کو 230 کے مقابلے 235 سے ہرایا۔

فائنل میں بھارتی ٹیم کا مقابلہ نیندر لینڈ سے جبکہ خواتین ٹیم کا مقابلہ اٹلی سے ہوگا۔ فائنل 27 اپریل کو ہوگا۔

اِس سے پہلے مردوں کی ٹیم نے پہلے اور دوسرے راؤنڈ میں فلپائن اور ڈنمارک کو ہرایا تھا جبکہ خواتین کی ٹیم نے دوسرے دور میں ترکیہ کو شکست دی تھی۔ x

## Asian U20 Athletics Championship

دبئی میں جاری 20 سال سے کم عمر کے ایشیائی ایتھلیٹکس چمپیئن شپ 2024 میں آج رِتک راٹھی نے ڈِسکس

تھرو میں چاندی تمغہ جیت کر بھارت کیلئے میڈل کا آغاز کیا۔ راٹھی نے 53 اعشاریہ صفر- ایک میٹر پھینک کر یہ تمغہ حاصل کیا۔

پچھلے سال بھارت اِس چمپئن شپ میں سونے کے 6 تمغوں سمیت مجموعی طور پر 19 تمغے جیت کر تیسرے مقام پر تھا۔ x

**IPL**

IPL کرکٹ میں دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپیٹلس نے گجرات ٹائٹنس کے سامنے 225 کا نشانہ رکھا ہے۔

اِس سے پہلے گجرات ٹائٹنس نے ٹاس جیت کر دلی کی ٹیم سے بلے بازی کرنے کو کہا اور ڈیلی کیپیٹلس نے 20 اوورز میں 4 وکٹ پر 224 رن بنائے۔

سردست ریشبھ پنت کی زیر کمان ڈیلی کیپیٹلس کی ٹیم پوائنٹس ٹیبل میں آٹھویں مقام پر ہے جبکہ شبھم گِل کی زیرکمان گجرات ٹائٹنس چھٹی پوزیشن پر ہے۔

کل کے میچ میں حیدرآباد میں سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلور سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆